# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Tuesday, June 10, 2003*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad , at twenty four minutes past ten in the morning with Mr . Chairman (Mr .Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---------------------

*Recitation from the Holy Quran*

آعوذ با لله من الشیطان الرجیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم
بالمومنین روف رحیم۔ فان تولوا فقل حسبی الله لا اله الا هو
علیه توکلت و هو رب العرش العظیم۔

(سورہ توبہ : ۱۲۸-۱۲۹)

**جناب چیئرمین**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللهم صل الله علیٰ محمد و علیٰ آل محمد۔ جی۔

**جناب مہیم خان بلوچ**: جناب ترجمہ نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین: جی ترجمہ نہیں ہوا۔

FATEHA

جناب مہیم خان بلوچ: جناب! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ۲۷ آدمی ڈوب گئے ۔ ۱۱ آدمی کوئٹہ میں قتل ہوئے۔ کل رات ڈی آئی جی کو مار دیا گیا۔ ان کے لیے دعا کر لیں۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: محترم چیئرمین صاحب!

جناب چیئرمین: دعا کر لیں۔

(مولانا شاہ احمد نورانی نے دعا کی)

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: جناب والا! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مذاکرات کو جس طرح سے تعطل کا شکار بنایا گیا' وزیر اعظم صاحب کی سربراہی میں مذاکرات کے نتیجے میں جو اجلاس ہونا تھا' اسمبلی میں سپیکر صاحب کی صدارت میں جو مذاکرات ہوئے ، جو چیزیں طے ہوئی تھیں' ان پر ابھی تک عمل نہیں ہوا ۔ ایل ایف او کے سلسلے میں متحدہ حزب اختلاف کا موقف یہی ہے کہ یہ آئین کا حصہ نہیں ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اجلاس خلاف قانون ہے ، خلاف دستور ہے۔اس لیے میں متحدہ حزب اختلاف کی جانب سے بائیکاٹ کا اعلان کرتا ہوں۔

آوازیں۔ نو ایل ایف او' No LFO, no LFO

(اس مرحلے پر اپوزیشن ایوان سے باہر چلی گئی)

جناب وسیم سجاد: جناب والا! میں ان سے گزارش کروں گا کہ بائیکاٹ نہ کریں۔یہ بجٹ ایک بہت اہم دستاویز ہے۔اس میں participate کریں اور مل کر قوم کی توقعات کے مطابق کام کریں۔ میں دوبارہ درخواست کروں گا کہ یہ واپس آئیں اور بائیکاٹ نہ کریں۔اپوزیشن سے مودبانہ گزارش کرتا ہوں کہ وہ اجلاس کی کارروائی میں شرکت کریں تاکہ بجٹ کو بہتر بنایا جا سکے۔یہ پوری قوم کا بجٹ ہے' خالی پاکستان مسلم لیگ کا بجٹ نہیں ہے ۔یہ ساری قوم کا بجٹ ہے ۔ میں گزارش کروں گا کہ وہ واپس آئیں اور کارروائی میں حصہ لیں۔

جناب چیئرمین: کمال صاحب! آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم: میں پوائنٹ آف آرڈر پر کہنا چاہتا ہوں کہ جو کچھ کوئٹہ میں پیش آیا۔ ان حضرات کے لیے صرف سورۃ فاتحہ پڑھ لیں۔

(دعا کی گئی)

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم: محترم وزیر داخلہ صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں۔ میں چاہتا تھا کہ تحریک التواء پیش کروں لیکن منسٹر صاحب سے رات کو گفتگو ہوئی ہے۔ وہ کچھ وضاحت کریں گے۔ لہذا' ان کے آنے تک اس کو موخر کیا جائے۔

جناب چیئرمین: آپ نے جیسا کہا تھا' میں نے بھی ان سے بات کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ آپ سے بھی ان کی بات ہوئی ہے تو وہ آپ کو تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔

Honourable Member: Mr. Chairman, point of order. I would like to bring to your attention that the members here are sitting in the gang way and highway where everybody is passing through. I mean this is not a proper way to sit in the Senate. They have been allocated seats on the other side. We should also be alloted seats over there. The Opposition happens to be the Opposition of Pakistan not of India. So it is not like that.

Mr. Chairman: No please, I am sorry for this, you cannot move there. I think there is an alphabetical system. My apology for this.

Honourable Member: Thank you sir.

Mr. Chairman: Today, we will start consideration of the following Motion moved on 7th June, 2003 by Mr. Shaukat Aziz, Minister for Finance and Revenue. " The Senate may make recommendations, if any, to the National Assembly on the Finance Bill 2003 containing Annual Budget statement under Article-73 of the Constitution". Before we go in

to that, I just go to the leave applications.

## LEAVE OF ABSENCE

**جناب چیئرمین:** جناب محمد اسحاق ڈار صاحب گزشتہ دوسرے اجلاس کے دوران مورخہ ۳۱ مارچ کو ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا درخواست منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** منظور ہے ۔ جناب محمد سرور خان کاکڑ گزشتہ دوسرے اجلاس کے دوران ناسازی طبیعت کی بناء پر مورخہ ۲۷ مارچ تا یکم اپریل اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے ۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا درخواست منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** منظور ہے۔ جناب محمد اعظم خان سواتی گزشتہ دوسرے اجلاس کے دوران مورخہ یکم اور دو اپریل کو ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** منظور ہے ۔ جنابہ محترمہ ممتاز بی بی گزشتہ دوسرے اجلاس کے دوران مورخہ ۲ اپریل کو ذاتی مصروفیات کی بنا پر اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** منظور ہے ۔ ڈاکٹر عبداللہ ریاض ناگزیر وجوہات کی بنا پر گزشتہ تیسرے مکمل اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے تیسرے مکمل اجلاس کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** منظور ہے۔ جناب محمد اکرم گزشتہ تیسرے مکمل اجلاس میں ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے تیسرے مکمل اجلاس کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** یہ برائے اطلاع ہے۔ محترمہ زبیدہ جلال سرکاری مصروفیات کی بناء پر مورخہ ۹ تا ۱۱ جون اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گی۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** جناب غوث بخش مہر نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہیں۔ اس لئے وہ ۱۰ جون تا ۱۶ جون اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** جی وسیم سجاد صاحب۔

**جناب وسیم سجاد:** جناب چیئرمین! پندرہ منٹ کے لئے کارروائی ملتوی کر دی جائے تاکہ ہم دوبارہ اپوزیشن کو مناکر ایوان میں لے آئیں۔ ہم ان سے درخواست کریں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ ایک بہت اہم چیز ہوتی ہے۔ جس طرح میں نے پہلے عرض کیا کہ یہ مسلم لیگ کا بجٹ نہیں ہے۔ یہ پوری قوم کا بجٹ ہے۔ اس میں اگر ان کی تجاویز آئیں گی تو یہ عوام کے لئے بہتر ہوگا۔ میرا خیال ہے کہ عوام کی یہ توقع ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ پوری پارلیمنٹ اس میں شرکت کرے تاکہ ان کے لئے سہولیات پیدا ہوں۔ ان کے لئے بہتری ہو۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ پندرہ منٹ کے لئے اجلاس ملتوی کردیں۔ میں دوبارہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ان سے بات کرتا ہوں اور ہم کوشش کرتے ہیں کہ ان کو ایوان میں لے آئیں۔

**جناب چیئرمین:** I think تجویز اچھی ہے۔ میں صرف ایک اعلان کردوں، اس کے بعد ملتوی کرتے ہیں۔

The members, who want to participate in the consideration of the Bill, may give their names to the Secretary and also give their recommendations, if any, by Wednesday, at the latest. Yes, Ch. Muhammad Anwer Bhinder Sahib.

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! ایک تھوڑی سی clarification مطلوب ہے۔ اس میں جو motion move ہوئی تھی اس کے مطابق جناب نے یہ ایجنڈے پر رکھا تھا لیکن طے یہ ہوا تھا کہ دو دن general discussion کے ہوں گے۔ یہ clarification ہو جائے کہ آج اور کل کا دن بجٹ پر general discussion ہوگی اور باقی جو ہم نے recommendations بھیجنی ہیں اس کا نوٹس in the mean time, members دے دیں اور پھر recommendations کیا consider ہوں گی۔

جناب چیئرمین: جی بالکل ایسا ہی ہو گا۔

Now we adjourn for fifteen minutes and we will meet again ten minutes to eleven. Thank you.

---

*[At this stage the House was adjourned for fifteen minutes]*

---

(اجلاس وقفہ کے بعد دوبارہ 11.15 پر چیئرمین سینیٹ

(جناب محمد میاں سومرو) کی زیر صدارت شروع ہوا)

---

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمن الرحیم، اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد۔

وسیم صاحب? you have not been able to convince

Mr. Wasim Sajjad: Myself and many of my colleagues, Naseer Khansahib, Nelofar Bukhtiar and lot of other colleagues from various

parties, met the Honourable Members of the Opposition. They were in the cafetaria. Also in the cafetaria was Ch. Shujat Hussain sahib. He came from the National Assembly. Mr. Shaukat Aziz and Mr. Lalika was there. We all requested them that they should come and participate in the Senate Session and of course, we requested them for the National Assembly Session too.. But despite our best efforts şir, we could not succeed. We held long talks but unfortunately, we have not been able to persuade them to come. But I would say that we will continue our efforts because we feel that the participation of the entire Parliament, is the necessary element in the democratic process and we will keep trying but in the mean time ,unfortunately, we have to proceed without them. So, some Honourable Members have given their names, they would like to speak today. I think we can do that.

Another suggestion, which has been given is that Mr. Asfand Yar Wali is here, we can open the debate with him today because he is the member who represents point of view, contrary to the Treasury Benches. So, we are very happy, we are honoured and I am sure, we will benefit from him. But he has also shown sir that he is a true democrat. He believes in democracy. Despite his principled differences, if he feels like saying something sir, he is here which means he believes in participating in the democratic process. We honour him andrespect him for that.

So, sir as I said we tried, we failed, let's proceed and hope for the best.

جناب اسفند یار ولی: جناب چیئرمین! میں Leader of the House کا مشکور ہوں لیکن مجھے سینیٹ سے زیادہ واقفیت نہیں ہے۔ National Assembly میں تو طریقہ یہ ہے کہ Leader of the Opposition speech open کرتا ہے۔--

and as it is not, I am not prepared to speak today, there are hell of, a lot of things that I would want to say. Certainly I have my reservations on the bill and the budget that has come and I will give you my name and I will speak *Inshallah* within these next two days.

**Mr. Chairman:** We will welcome that. I think, we will have a time constraint because the recommendations have to go to the National Assembly, if any, within a certain time limit, therefore, we need to move ahead. Much as you would like all of our associates to be here with us. I think, as you rightly said, the efforts should continue to move them back because this is the first time that the Finance Bill has come to the Senate and we must take advantage of this, and make argues, notes and give a contribution befittingly. However, please do continue your efforts and I think let's proceed in the mean time and I have a list here, so I think we will go down by this. Mr. Asfandyar Wali Khan will, *Inshallah*, whenever he wants to speak, he is welcome and because there is no other leader of the Opposition, so, we will move with Mr. Mohim Khan Baloch. I think, we should keep our speeches precise and limited in time so that more of us can speak. All friends have a time constrain. I would request them to avoid repetition. Thank you, Khan sahib.

**جناب مہیم خان بلوچ:** محترم چیئرمین صاحب! اس سے پہلے کہ میں Finance Bill پر اپنے خیالات کا اظہار کروں، آج میں بحیثیت ایک سیاسی کارکن اس ایوان میں ایک کمی محسوس کر رہا ہوں۔ اس ایوان کے تقدس اور آداب کو مدنظر رکھتے ہوئے مجھے بہت افسوس ہوتا ہے کہ عوام نے ہمیں منتخب کر کے بھیجا ہے۔ حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں ایوان کا حصہ ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ زیب دیتا ہے کہ اس ایوان میں دونوں موجود ہوں۔ ہم سب جمہوریت اور جمہوری اداروں کی آزادی، بالادستی اور خودمختاری کی باتیں کرتے ہیں۔ہم ان کا احترام کرتے ہیں۔ آج کا یہ ایوان بذات خود جمہوریت کی آزادی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری اور آزادی کی ترجمانی کرتا ہے۔ یہ ایوان ہے تو اس ملک میں جمہوریت ہے ۔ اس ملک میں اس ایوان کی قدر و عزت موجود ہے۔ بہرحال ہمارے بہت سارے دوست ایوان سے باہر گئے ہیں، صرف اسفند یار صاحب یہاں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے یہ فیصلہ کرکے اس ایوان کے تقدس کی عزت کی۔ اپنی ترجمانی کو مثبت شکل دینے کے لئے آج وہ یہاں ہمارے ساتھ موجود ہیں ۔ گو کہ وہ حزب اختلاف میں بیٹھے ہیں لیکن وہ حزب اختلاف کے بینچوں کی مجموعی ترجمانی کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں ۔

جناب چیئرمین! یقینی طور پر بجٹ ایک پھل ہوتا ہے لیکن پھل کے استعمال کے بعد یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس پھل میں لذت ہے یا نہیں ۔ ان حالات میں جب یہ بل پیش ہوا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی بات ہے۔ عوام کی امنگیں اس پر لگی ہوئی تھیں کہ بجٹ پیش ہو۔ اس بجٹ کے پیش ہونے سے عوام کے جذبات اور احساسات کی ترجمانی ہوئی ہے۔ مجموعی طور پر بجٹ میں مثبت پہلو زیادہ ہیں۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ ایک پسماندہ اور ترقی پذیر ملک کے اس بجٹ کا حجم، جو 401 ارب روپیہ ہے، یہ بہت بڑی چیز ہے۔ بالخصوص اس میں 160 ارب روپے جو ترقیاتی حوالے سے رکھے گئے ہیں وہ بھی ایک مثبت اقدام ہے۔

جناب چیئرمین! اس میں سب سے بڑا بلوچستان کا گوادر پراجیکٹ ہے۔ یہ مجموعی طور پر پورے ملک کے لئے اور بالخصوص بلوچستان کے لئے ایک اہم پراجیکٹ ہے۔ٹیکسوں کی وصولی کے حوالے سے جو ہدف رکھا گیا ہے وہ پہلے پیش ہونے والے Budgets سے اچھا ہے۔ اس میں

510 ارب روپے کا ٹارگٹ بہت ہی مثبت ہے۔ مجموعی طور پر اس میں بہت سے Departments کے حوالے سے incentives ہیں۔ مثال کے طور پر Agriculture میں ایک اچھا خاصا trend دیا گیا ہے ۔ انہوں نے ایسی مشینری جو زراعت میں استعمال ہوتی ہے، اس پر 15% Sales Tax ختم کردیا ہے ۔جس سے ہمارے دوستوں کو موقع ملے گا کہ وہ یہ مشینری منگوا کر اپنی زراعت کی پیداوار کو local market اور بین الاقوامی مارکیٹ کے حوالے سے marketing اور re-processing کرکے اور بہتر بنا کر اس سے اچھی خاصی آمدنی حاصل کرسکتے ہیں ۔بجٹ کے حوالے سے growth میں GDP ہے ۔ جس ملک کی GDP سالہا سال بڑھے گی تو یقینی طور پر وہ ملک کے لئے فائدہ مند ہو گی۔

جناب چیئرمین! اس وقت GDP کے حوالے سے ایک رپورٹ ہمارے سامنے آئی ہے جو 5.1% ہے۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے کہا ہے کہ ہم اس کو 5.5% تک بھی لے جائیں گے۔ یقینی طور پرآنے والے وقت میں یہ 5.5% تک پہنچ جائے گی۔ اس سے ہمارے ملک میں بیروزگاری پر قابو پایا جاسکے گا اور قیمتوں کا جو بڑھتا ہوا رجحان ہے اس پر بھی کنٹرول ہوگا۔ جب GDP بڑھے گی تو ہماری export بھی بڑھے گی اور export کے حوالے سے دوسرے سالوں کے بجٹ میں جو ہدف رکھا گیا ہے 10.some thing یا اس سے بھی آگے۔ اگر ہم اس کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے تو ہمارے زرمبادلہ کی کمائی import کے مقابلے میں زیادہ ہوگی اور ہم جس خسارے میں ہر وقت رہتے ہیں وہ خسارہ کم ہو گا۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں ہمارے لئے کچھ مشکلات بھی ہیں ۔ ان مشکلات سے ہم اپنے آپ کو دور نہیں رکھ سکتے۔ آج ہم اس پر بھی کچھ بات کریں گے تاکہ ہم آنے والے دنوں میں ان مشکلات پر قابو پاسکیں۔ مجموعی طور پر بجٹ کا ایک حجم ہوتا ہے۔ اس میں دیکھا جاتا ہے کہ ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات کا ratio کیا ہے۔ اب تک بجٹ کی service میں ترقیاتی اخراجات کی percentage انتہائی کم رہی ہے۔ پہلے یہ بجٹ اب تک 82% غیر ترقیاتی تھا۔ آج تک بدستور وہی سلسلہ جو غیر ترقیاتی بجٹ کا ہے، وہ اپنی جگہ پر ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس میں ہم چاہے جیسے بھی ہو، زیادہ سے زیادہ رقم اپنے ترقیاتی کام پر لگائیں اور غیر ترقیاتی field میں خرچہ کم ہو تا کہ ہم اپنے ملک کو ترقی کی طرف لے جاسکیں، روزگار پیدا کریں اور قومی پیداوار کو

بڑھایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ خسارہ بھی بدستور ہمارے اوپر سب سے بڑا بوجھ اب تک موجود ہے۔ 179 ارب روپے اب تک اس بجٹ کے خسارے میں ہیں۔ خسارے کا زیادہ دارومدار باہر کی امداد سے ہوتا ہے اور خسارہ اگر ہو تو اس کی ترقیاتی field میں کمی پوری کی جاتی ہے۔ مجموعی ترقیاتی حوالے سے اس وقت 160 ارب رکھا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنے والے دنوں میں اگر ہمیں خسارہ پورا کرنے کے لیے باہر سے پیسہ نہیں ملا تو ہماری ترقیاتی field پر اثر پڑے گا۔ اس سال 134 ارب' ڈالر' sorry روپے مختص تھے ترقیاتی حوالے سے' اس میں سے صرف 120 خرچ ہوئے ہیں چودہ ارب خرچ نہیں ہوئے۔ اب چودہ کے متعلق ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ آیا کیوں خرچ نہیں ہوئے یا ہمیں نہیں ملے۔ یہ سب خسارے کی وجہ سے ہوتا ہے اور ہماری کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ خسارے کا جو سلسلہ ہے اس کو ہم کم کریں۔ ہم اپنے وسائل سے اپنا بجٹ بنائیں تاکہ ہم دوسروں کے دست نگر نہ رہیں۔ اگر ہم دست نگر رہیں گے تو ہم دوسروں سے امداد مانگیں گے، قرضے مانگیں گے۔ اس کا اعتراف ہم سب سیاسی لوگ، حکومت' سب کر چکے ہیں اور وزیر خزانہ بھی کہتے ہیں کہ ہم اس کشکول کے کلچر سے اپنے آپ کو نجات دلائیں اور نجات اس وقت ملتی ہے جبکہ ہم اپنی پیداواری قوت کو بڑھائیں اور اپنے بجٹ کو زیادہ سے زیادہ اپنے ہی وسائل سے تیار کریں تاکہ خسارے کا جو ایک حجم ہمارے اوپر بدستور ماضی کے حوالے سے ہے وہ ختم ہونا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ یقینی طور پر اپنا دفاع ہر ملک کا ایک فرض ہے۔ دفاع کے حوالے سے ہم یقینی طور پر بجٹ کو اہمیت دیتے ہیں لیکن ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہم اپنا دفاعی خرچ کم کر کے عوام کی بھلائی کے لیے زیادہ خرچ کریں۔ ہم لوگوں کے دفاعی field کا خرچ بدستور، ماضی کے تسلسل کے طور پر اب بھی موجود ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس سے ہمارے عوام کی بھلائی کی بات کم ہوتی ہے۔ لہٰذا ہم اپنے حالات کو اس طرح بنائیں تاکہ ہمیں دفاعی حوالے سے پیسے خرچ کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ اس سلسلے میں ایک بڑی خوشی کی بات یہ ہے کہ انڈیا اور پاکستان میں ایک خوشگوار negotiations کا ماحول بن رہا ہے۔ یقینی طور پر اگر ہم اس میں کامیاب ہو گئے تو دونوں ملکوں کی اس میں بھلائی ہے۔ حکومت اور عوام کی بھلائی ہے۔ یقینی طور پر بعد میں ہمیں دفاع پر اتنا خرچ کرنے کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔

اس کے علاوہ میں یہ کہوں گا کہ گوادر کی جو بات ہوئی ہے اس میں بہت سا پیسہ بھی رکھا گیا ہے۔ وزیر خزانہ یہاں موجود ہیں۔ میں اس منصوبے سے اختلاف کرتا ہوں کیونکہ گوادر کا ماسٹر پلان اب تک clear نہیں ہے۔ میں بالکل بات کھل کے کہتا ہوں کہ گوادر مجموعی طور پر چودہ کروڑ عوام کا ہے لیکن جس صوبے میں موجود ہے وہاں سب سے پہلے اس صوبے کا حق بنتا ہے۔ اس صوبے کا جب حق بنتا ہے تو ماسٹر پلان میں، میں نے دوسرے فورموں میں بھی یہ بات کی اور آج اس ایوان میں بھی کھل کر بات کہوں گا کہ وہاں کی roads کو open رکھنے سے میں مطمئن نہیں۔ میں نے پہلے بھی کہا ہے Gawader to Turbat, Turbat to Punjgoor, Punjgoor to Noshki Afghanistan border اور Punjgoor to Qallat, Qallat to Quetta, Quetta to Chamman یہ roads اسی گوادر ماسٹر پلان کا حصہ ہونا چاہیئں تا کہ بلوچستان کی مجموعی آبادی محسوس کرے کہ واقعی ہمارے عوام کے حقوق گوادر کے حوالے سے اہم ہیں۔ اس بجٹ میں اب تک ان roads کو نہیں رکھا گیا ہے۔ لہذا میں وزیر خزانہ صاحب کو کہتا ہوں کہ وہ اس پر نظر ثانی کریں اور ان roads کو اس گوادر ماسٹر پلان کا حصہ بنا کر جس طرح ساحلی سڑکوں کی تعمیر ہو رہی ہے اسی طرح ان سڑکوں کی تعمیر بھی ہونی چاہیئے۔ دوسرے صوبوں کے لئے جو سڑک بن رہی ہے، بلوچستان میں بھی اس کی تعمیر ہو۔ یقینی طور پر گوادر پورٹ کی بہت اہمیت ہے۔ یہاں انٹرنیشنل سڑکوں کے حوالے سے اور بلوچستان کے عوام کی ضروریات کے حوالے سے یہ سڑکیں ہونی چاہیئں۔

جناب چیئرمین ! اس کے علاوہ میں آپ سے عرض کروں کہ بجٹ میں پہلے مرکز ہوتا ہے اس کے بعد صوبے ہوتے ہیں۔ بلوچستان کا ۹۵ فیصد بجٹ مرکز کی طرف سے جاتا ہے۔ صرف ۵ فیصد صوبے کی طرف سے ہوتا ہے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کی سب سے زیادہ آمدنی vehicles سے ہے اور اس کے بعد ہمارے اقلیتی برادران ہیں، جن کو شراب کے پرمٹ ملے ہوئے ہیں۔ میرے خیال میں مجموعی طور پر بلوچستان کی آمدن ڈیڑھ ارب روپے ہے۔ باقی ۲۴ ارب روپے بلوچستان کو ماضی میں مرکز کی طرف سے جایا کرتے تھے لیکن اس دفعہ ہمارے بجٹ کو بڑھانے کی بجائے کم کر دیا گیا ہے۔ ہمارا بجٹ متاثر ہوا ہے، کم ہوا ہے۔ اس کے بارے میں ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے وزیر اعظم صاحب کو ایک خط بھی لکھا ہے۔

ہمارے بجٹ میں جو کمی ہم محسوس کر رہے ہیں اگر اس کمی کو پورا نہیں کیا گیا تو آنے والے دنوں میں ہم اس قابل بھی نہیں ہوں گے کہ ہم بلوچستان کا بجٹ بھی پیش کرسکیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اخبار "انتخاب" میں ایک مفصل انٹرویو بھی دیا ہے جس میں انہوں نے کھل کر وضاحت کی ہے کہ اس بجٹ میں بلوچستان کی ۳ ارب روپے کی کٹوتی کی گئی ہے۔ ٹوٹل ہمیں ۲۴ ارب ملنے تھے، اس میں ۳ ارب روپے کی کٹوتی ہوئی ہے۔ نمبر ۳۔ بلوچستان کو جو ۴ ارب روپے کی گرانٹ دینی تھی وہ بھی بند کر دی گئی ہے۔ یہ ۷ ارب روپے ہوگئے۔ گیس سرچارج میں اضافہ کرنے کی بجائے کمی کی گئی ہے۔ نمبر ۴۔ دیگر صوبوں کو آبادی کی بنیاد پر فنڈز دیئے گئے ہیں۔ یقیناً تمام صوبوں کو مرکزی حکومت کی طرف سے آبادی کی بنیاد پر funds دیئے جاتے ہیں۔ بدقسمتی سمجھیں یا ہماری کمزوری سمجھیں کہ گزشتہ مردم شماری میں ہماری آبادی میں اضافے کی بجائے کمی دکھائی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے ہمیں جو فنڈز آبادی کی بنیاد پر ملتے تھے وہ کم ہو گئے۔ پہلے 5.3 تھے اب اس کی بجائے 5.1 ہمیں ملے ہیں۔ یہ بھی ایک کمی ہے۔ نمبر ۵۔ دیگر صوبوں کے فنڈز میں ۱۱ فیصد اضافہ کیا گیا ہے جبکہ بلوچستان کو اس اضافے سے بھی محروم رکھا گیا ہے۔ یہ بات ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب بھی کہہ چکے ہیں۔ ہمیں اس ۱۱ فیصد اضافے میں بھی شامل نہیں کیا گیا ہے۔ اس وجہ سے کہ ہماری آبادی اس دفعہ کم دکھائی گئی ہے۔ نمبر ۶۔ سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ سندھ اور پنجاب سے نکلنے والی گیس کی قیمتوں کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے منسلک کیا جاتا ہے۔ سندھ اور پنجاب میں گیس کی قیمت ۱۸۰ روپے فی مکعب فٹ رکھی گئی ہے جبکہ بلوچستان میں کئی سالوں سے گیس کمپنیوں کے ساتھ ایک معاہدہ چل رہا ہے جس کے مطابق بلوچستان میں گیس کی قیمت ۲۵ روپے فی مکعب فٹ مقرر ہے۔ ۱۸۰ اور ۲۵ میں کتنا فرق ہے؟ ظاہری بات ہے کہ یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہے۔ ہم مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ پرانے معاہدوں پر نظر ثانی کرکے بلوچستان کو بھی ۱۸۰ روپے قیمت ملنی چاہیئے۔ اس سے بلوچستان کو بہت فائدہ ہوگا۔ یہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کی واحد آمدن گیس ہی ہے۔ اگر گیس میں ہماری آمدن کم ہو تو ہم بلوچستان کو کہاں سے بہتر وسائل دے سکتے ہیں؟

ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ذمہ داری اس ایوان کی بنتی ہے۔ بجٹ کا جو مثبت پہلو تھا یقیناً

میں نے وہ بھی پیش کیا ہے۔ مجموعی طور پر میں بجٹ کو مرکزی سطح پر مثبت سمجھتا ہوں لیکن اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے حوالے سے جو میری مجبوریاں تھیں، جو گزارشات ہیں، وہ بھی میں نے اس ایوان کے ذریعے وزیر خزانہ کو پیش کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں اگر موقع ہوا تو میں ان کی خدمت میں بھی آ کر بیٹھوں گا اور تفصیل سے بات کروں گا۔ مجھے امید ہے کہ وہ ہماری اس کمی کو محسوس کر کے اس کو پورا کریں گے۔ ہمیں یہ موقع نہیں دیں گے کہ اس آواز کو ہم عوام میں لے جائیں۔ عوام نے ہمیں یہاں بھیجا ہے۔ یہ ایک بہترین ادارہ ہے اور یہاں پر ہی ہمارے مسائل حل ہوں۔ اسی میں ہی ہماری بہتری ہے۔

میں آخر میں یہ دوبارہ کہوں گا کہ حزب اختلاف اس وقت بائیکاٹ پر ہے، میری گزارش ہے کہ وہ واپس آئے کیونکہ ہم سب کو مل کر، اس ملک کے حوالے سے تمام مسئلوں کو حل کرنا ہے اور بالخصوص یہ بجٹ جو پیش ہوا ہے اس بجٹ کو implement کرنا بھی اسی ایوان کا کام ہے۔ اگر ہم ایوان میں بیٹھیں گے ایک قوت کے حوالے سے تو یقینی طور پر یہاں سے ہم مجموعی طور پر، جو ہماری cabinet ہے، جو گورنمنٹ ہے جو انتظامیہ کو چلاتی ہے اس کو ہم check and balance کے ذریعے اس بجٹ پر بہتر شکل میں عملدرآمد کروا سکتے ہیں۔ مہربانی۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جی۔ میں request کروں گا کہ زیادہ سے زیادہ دس منٹ تک تقریر کریں تاکہ ہمارے باقی ساتھی بھی بول سکیں۔ نصیر مینگل صاحب۔

**میر محمد نصیر مینگل:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ کہ آپ نے بجٹ پر بولنے کے لئے موقع دیا۔ افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے حزب اختلاف کے بھائی اگر موجود ہوتے تو بہتر تھا کیونکہ یہ قومی بجٹ ہے وہ اس میں یہ حصہ لیتے اور ملک کے لئے مزید اپنی تجاویز دیتے تاکہ ہمارے فنانس منسٹر صاحب کے نوٹس میں وہ recommendations لاتے اور اس میں کچھ improvement اور اصلاح کی گنجائش ہوتی تو کر لیتے۔ حالانکہ LFO کا جو وہ بتا رہے ہیں کہ LFO کے تحت الیکشن ہوا۔ وہ منتخب ہو کر یہاں آئے ladies seats بڑھ گئیں، age کا مسئلہ حل ہو گیا لیکن چند چھوٹے چھوٹے مسائل میں وہ

الجھے ہوئے ہیں۔ پورے ملک کا بجٹ سال میں ایک دفعہ پیش ہوتا ہے تو اپنے چھوٹے چھوٹے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر انہیں ادھرموجود ہونا چاہئے ۔ آپ کی اجازت سے، اس ایوان کے پلیٹ فارم سے میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ آئیں اور اس میں شریک ہوں تاکہ قومی بجٹ کو صحیح شکل دی جاسکے اور ان کی تجاویز اس میں شامل ہوسکیں۔

میں شوکت عزیز صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ ملکی اور بین الاقوامی معاشی حالات میں اس سے بہتر بجٹ پیش نہیں کیا جاسکتا تھا۔ اس بجٹ میں، جو ٹیکس فری بجٹ بھی ہے لوگوں پر کچھ زیادہ بوجھ بھی نہیں ڈالا گیا ہے۔ یہ بھی ایک اہم کارنامہ ہے جس کے لئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ہمارا ملک زرعی ہے اور زیادہ تر لوگوں کا دارو مدار زراعت پر ہے تو agriculture میں جو incentives یا رعایت دی ہے مشینری امپورٹ کرنے پر اور دوسری چیزوں پر، تو اس سے ہمارے زراعت پیشہ بھائیوں کو کافی فائدہ ہوگا۔ اس لئے بھی ہم اس کو appreciate کرتے ہیں اور پھر ہمارے سرکاری اورغیرسرکاری ملازمین کی تنخواہوں کو بڑھایا گیا ہے ۔اس میں 15% پینشنرز کے لئے بھی رکھا گیا ہے۔ اس کو بھی ہم appreciate کرتے ہیں اور ان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اس میں بھی ان کا بہت بڑا رول ہے انہوں نے اس میں Food support programme بھی دیا ہے جس میں تمام غریبوں کو جن کو پہلے 2000 روپے ملتے تھے اب 2400 روپے ملیں گے اور اس میں کئی گھرانے جن کے اپنے وسائل اتنے نہیں ہیں ان کی روزمرہ کی ضروریات پوری ہوسکیں گی۔ چونکہ مکانات کے مسئلے سے عام آدمی متاثر ہوتا ہے اس لئے construction کی فیلڈ میں بھی 25% چھوٹ سے لوگوں کو مکان بنانے میں آسانی ہوگی ۔ ساتھ ہی government employees پانچ لاکھ تک کا قرضہ بھی لے سکیں گے اور اس کی گارنٹی فیڈرل گورنمنٹ دے گی ۔ یہ بھی خوش آئند ہے۔ ایجوکیشن سیکٹر میں بھی انہوں نے کافی مراعات دی ہیں اور allocations increase کی ہیں۔ اس طریقے سے health بھی ہے ہم بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں اور بلوچستان کے وسائل اتنے زیادہ نہیں ہیں کہ وہ اپنے وسائل سے وہاں کے development programme کرسکیں۔ اس سے پہلے بھی ہمیشہ صوبائی لیول پر اسمبلی میں یا یہاں نیشنل اسمبلی میں ہماری یہ گزارش رہی ہے کہ بلوچستان کو رقبہ کے لحاظ سے funds مہیا کئے جائیں ۔ اگر population کی بنیاد پر دئے جائیں گے تو کبھی

بھی بلوچستان میں صحیح طریقے سے ترقی نظر نہیں آسکے گی ۔بلوچستان کا رقبہ 43% ہے جو تقریباً رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا آدھا ہے۔population کے لحاظ سے 5.1 ہے ۔اس لحاظ سے فنڈز دئے جائیں گے تو اس سے ترقی میں کوئی پیش رفت نہیں ہوسکتی ہے اور صحیح معنوں میں ترقی نظر نہیں آسکتی ہے ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ population کو بنیاد نہ بنایا جائے ۔بلکہ اس دفعہ تو یہ ہوا ہے کہ جیسے میرے ایک سینیٹر دوست نے کہا کہ کچھ غلط فہمیوں کی وجہ سے یا اختلافات کی وجہ سے صحیح طریقے سے sensus میں حصہ نہیں لیا اور اس 5.3 کی figure کو کم کر کے 5.1 کر دیا گیا ہے ۔ اس طرح یہ بڑھنے کی بجائے کم ہوگئی ہے لہذا اس کو بڑھا دیا جائے ۔جب تک N.F.C. Award دوبارہ زیر غور نہیں آتا ' اس کی تکمیل نہیں ہوتی ہے ' اس وقت تک اس figure کو 5.3 ہی کر دیا جائے تو پھر ترقی میں کچھ پیش رفت ہوسکتی ہے ۔

جیسے کہ بلوچستان میں گوادر پورٹ کے لئے funds رکھے گئے ہیں لیکن صوبائی حکومت کے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں کہ اس infrastructure کے لئے کام کر سکے تو اس کے لئے صوبائی حکومت کو مدد دینا ہوگی ۔اس کے ساتھ ہی وہاں زمین کی قیمتیں کم ہیں ' ہم چاہتے ہیں کہ وہاں گوادر پورٹ میں industries قائم ہوں اور اس کے لئے دوسری facilities ہوں۔آج وہاں زمین کے ریٹ کم ہیں ۔اگر پیسے فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے مہیا کئے جائیں تو زمین آسان قیمت میں مل سکتی ہے ۔جو زمین آج ایک لاکھ روپے فی ایکڑ ہے وہ چار پانچ سال بعد دس پندرہ لاکھ روپے فی ایکڑ کے حساب سے بھی نہیں مل سکے گی ۔اس لئے ایک خطیر رقم کی ضرورت ہے جو وہاں دے دی جائے ۔ چونکہ وہاں قحط سالی رہی ہے ۔چار پانچ سالوں سے وہاں بارشیں نہیں ہوئی ہیں ' وہاں نہری علاقے نہیں ہیں' صرف ٹیوب ویل ہیں ۔اس لئے under ground پانی کا level نیچے گر گیا ہے ۔ہمارے زمینداروں کو آئے روز agriculture risks سامنے آتے ہیں ۔ واپڈا کی طرف سے جو بجلی مہیا کی جا رہی ہے ' اس میں confusion ہوتی ہے ' واپڈا کی طرف سے بجلی بند کر دی جاتی ہے ۔اس وجہ سے کھڑی فصلوں کو نقصان ہوتا ہے ۔ ان چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے وہاں زمینداروں کو خاص relief دیا جائے ۔ واپڈا کو بھی کہا جائے کہ ان حالات کو مد نظر رکھ کر ان کے ساتھ concession کیا جائے اور جب تک وہاں کوئی خاص پروگرام نہیں بنتا ہے اس وقت تک زمینداروں کے ساتھ رعایت کرے ۔

میرا علاقہ ضلع خضدار ہے ۔ وہاں under ground water زیادہ ہے ۔ وہاں کئی ٹیوب ویل لگے ہیں لیکن بجلی کا سسٹم ذرا صحیح نہیں ہے ۔لہذا میں گزارش کرتاہوں کہ اس ایوان کی وساطت سے جو recommendations نیشنل اسمبلی میں بھیجنی ہیں ، جنہیں وزیر خزانہ حتمی شکل دیں گے، ان میں میری یہ تجویز شامل کی جائے کہ وڈھ گرڈ upgrade کیا جائے تاکہ وہاں کے دیگر علاقے بھی اس سے benefit حاصل کرسکیں ۔ یہ بھی ایک اہم ضرورت ہے جس کی میں سفارش کرتاہوں کہ اس کو اس بجٹ میں شامل کیا جائے ، اس کے لئے رقم رکھی جائے اور اسے قائم کیا جائے ۔

باقی جیسے ہمارے ایک دوست نے کہا کہ وہاں provincial government کے کئی مسائل ہیں۔ پہلے ہم بلوچستان کے لئے فنڈز رقبہ کے لحاظ سے مانگتے تھے، اب ہمیں آبادی کے لحاظ سے اس دفعہ دیئے ہیں تاہم آبادی کا بھی کہہ دیا گیا ہے کہ 5.3 سے کم ہو کر 5.1 ہو گئی ہے، جس کی وجہ سے ہماری بلوچستان کی گورنمنٹ کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس لئے ہماری سفارش ہے کہ 5.1 کی بجائے 5.3 کی بنیاد پر فنڈز دئے جائیں تو ترقی میں کچھ پیش رفت ہوگی اور بلوچستان گورنمنٹ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہو جائے گی۔

اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کروں گا کہ ہر سال جو گرانٹ پر annual 11% growth دی جاتی ہے ، اس دفعہ واحد ہمارا صوبہ ہے جسے یہ نہیں دی گئی ہے۔ لہذا

11% growth may be allowed on the grant amount of 2001 to 2002 which has been fixed since then, along Rs.1.1 billion to government, which has been intimated earlier. The next NFC award is finalized. The share of the province may be worked out 5.3, as per earlier award and the balance difference of Rs.30 or 35 million may be paid to this province in 2003 - 2004 as special grant.

اس کے علاوہ ہماری royalty کا جو مسئلہ ہے province may be paid royalty at 12.5 % of the market price of the gas instead of well head price paid to the PPS

اس سے ان کا180 ریٹ بن جاتا ہے اور ہمارا وہی 25 روپے ہے۔ اگر اس کو اس کے at par لایا جائے تو اس سے ہمارے صوبہ بلوچستان کے کچھ مسئلے حل ہوں گے

گیس کے علاوہ ہماری royalty کے بارے میں جیسے ہماری صوبائی حکومت کا کہنا ہے کہ ۱۵ بلین روپے فیڈرل گورنمنٹ کے پاس ہیں اگر خسارے اور مالی حالات کی وجہ سے وہ پیسے بلوچستان گورنمنٹ کو دیئے جائیں تو اس میں کافی پیش رفت ہو سکتی ہے۔ ان recommendations کے ساتھ ہم request کرتے ہیں آپ کے توسط سے ' اس ایوان کے ذریعے وہ پیسے ہمارے بجٹ میں شامل کیے جائیں اور صوبائی حکومت کو مزید فنڈ دیئے جائیں۔ جو ہماری ongoing schemes وہاں ہیں تقریباً چار ملین روپے ان پر خرچ ہو گئے ہیں اور provincial government کے پاس اس وقت ایک روپیہ بھی نہیں ہے جس کی وجہ سے development کا کام suffer ہو رہا ہے۔ چونکہ مرکز اور صوبے میں ہماری حکومت ہے' اس کا جو بھی credit ہے' اگر وہاں کچھ صحیح کام نہیں ہوگا تو nationalist یا دوسری پارٹیاں اس کو اس طرح لیں گی کہ فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے ہمیشہ بے رخی اختیار کی جاتی ہے اور بلوچستان کی طرف توجہ نہیں دی جاتی ہے ۔ اس سلسلے میں میری گزارش ہے کہ مرکز کی طرف سے خصوصی گرانٹ دی جائے تاکہ ہمارے projects اور on going schemes مکمل ہو سکیں اور further annual development programme کے لیے پیسے مختص کیے جائیں۔ انہی الفاظ کے ساتھ آپ کا ایک دفعہ اور شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے وقت دیا اور اس امید کے ساتھ کہ یہ recommendations جو ہم نے دی ہیں یہ شامل کی جائیں گی، شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ مینگل صاحب۔ فوزیہ فخر زمان صاحبہ۔

مسز فوزیہ فخر الزمان خان۔ بات تو شوکت صاحب سے کرنی تھی لیکن وہ ہال سے چلے گئے۔

جناب چیئرمین۔ ان کے ساتھی بیٹھے ہیں۔ ان کو convey کریں گے۔

مسز فوزیہ فخر الزمان خان۔ چلیں وہ ان کو convey کر دیں گے ۔ بات یوں ہے کہ انہوں نے بجٹ تو بہت اچھا بنایا ہے لیکن اس میں ان کا کوئی قصور نہیں ہے کہ ہمارے ملک

میں امیر، بہت امیر ہے اور غریب، بہت غریب ہے۔ کسی طرح اس فرق کو دور کر دیا جائے۔ کوئی پروٹین کی کمی سے مر رہا ہے کوئی پروٹین کی زیادتی سے مر رہا ہے۔ اگر پارلیمنٹرین نے کہا کہ ہماری تنخواہیں بڑھائی جائیں تو یہ غلط ہے۔ عوام پہلے ہی ہم سے بہت نفرت کرتے ہیں۔ وہ ہمیں parasites سمجھتے ہیں۔ ان آٹھ مہینوں میں ہم نے ان کے لیے کیا کیا ہے؟ اگر ہم اپنے اندر جھانک کر دیکھیں تو guilt نے ہمیں مارا ہوا ہے۔ ہم سارے ملک کے کھاتے پیتے لوگ ہیں۔ نیشنل اسمبلی میں بھی، سینیٹ میں بھی، یہی پیسہ جو تنخواہ بڑھانے کے لیے بعد میں ہمیں ملے گا، یہ اگر غریبوں پر لگا دیا جائے تو اللہ بھی خوش ہو گا اور عوام بھی۔

میرے پاس دو بزرگ آئے جن کی عمریں ۸۵ سے ۹۰ سال تھیں۔ وہ بہت خفا تھے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ ہماری pension اتنی پرانی چلی آ رہی ہے کہ ہمیں کسی کو بتاتے ہوئے بھی شرم آتی ہے اور 15% جو بڑھا ہے وہ آٹے میں نمک کے برابر ہے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ بیٹا ہم اگر زندہ ہیں تو اس میں ہمارا کوئی قصور نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے زندگی دی ہے ہماری pensions کو کم از کم نئے pensioners کے برابر لایا جائے، پھر 15% بڑھائیں۔ ہماری تو اس میں دوائیاں بھی پوری نہیں ہوتیں۔ کیونکہ بزرگوں کے ساتھ تو دوائیاں ہی بہت لگ جاتی ہیں اور پھر وہ لوگ غیرت والے لوگ ہیں وہ کہتے ہیں کہ انگریزوں کے زمانے سے ہم سروس کر رہے ہیں۔ ہم تو اپنے بچوں کے آگے بھی ہاتھ نہیں پھیلا سکتے۔ تو ذرا اس پر بھی غور کیا جائے کہ جو above eighty ہیں ان کی پنشن کچھ بہتر کر دی جائیں۔

جہاں تک بڑی گاڑیوں اور چھوٹی گاڑیوں کا تعلق ہے تو امیر تو ایک لاکھ فالتو دے کر بھی گاڑی خرید سکتا ہے لیکن غریب ساری عمر پیسہ جمع کرتا ہے اور ایک چھوٹی گاڑی کے قابل بھی نہیں ہوتا۔ بہتر ہو گا اگر چھوٹی گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی کر دی جائے۔ پھر آپ جانتے ہیں کہ جس پسماندہ علاقہ سے میں تعلق رکھتی ہوں وہاں تو سڑکیں بھی نہیں ہیں۔ ندی نالے کی شکل کی سڑکیں ہیں۔ وہ صرف jeepable کہلا سکتی ہیں۔ سڑکیں تو وہ نہیں ہیں اور آج کل jeep ساٹھ لاکھ سے کم نہیں ملتی۔ بہت ٹوٹی ہوئی سڑکیں اور بہت ٹوٹی ہوئی گاڑیاں اتنی pollution پھیلاتی ہیں۔ میرا علاقہ جنت نظیر ہے۔ لیکن ان دھوؤں کی وجہ سے وہ برباد ہو رہا ہے۔ ویسے بھی مجھے سمجھ نہیں آتا کہ انڈیا میں کرولا چھ لاکھ کی ہے لیکن پاکستان میں تیرہ لاکھ کی

کیوں ہے ؛ ذرا پلیز ان باتوں پر بھی غور کیجیئے۔

اب میں لکڑی کے بارے میں کہوں گی ۔ ہمارے پاس مانسہرہ ہزارہ میں صرف ایک لکڑی ہی ہے۔ جو بھی آج تک سیاستدان آئے ہیں، چالیس سال تو یہ میری انگلیوں پر گنے ہوئے ہیں، وہ سب اس لکڑی کو دیمک کی طرح چاٹ گئے ہیں ۔ نئی حکومت آئی تھی تو ہم خوش تھے کہ شاید یہ علمائے کرام ہیں، یہ غریبوں کے لئے دل میں محبت رکھیں گے ۔ یہ لکڑی کی لوٹ مار سے ہمیں بچائیں گے لیکن وہ بھی ٹمبر مافیا کے شیئر ہولڈرز ہوگئے ہیں ۔ میں چاہتی تھی کہ اپوزیشن آج موجود ہوتی کیونکہ اس دن انہوں نے بہت گلہ کیا تھا کہ ناظمین سے استعفے لے لئے گئے ہیں ۔ تو لے لئے نہیں گئے ہیں ۔ میرا بیٹا خود ایم پی اے ہے۔ وہ تین مہینے سے کہہ رہا ہے کہ میں استعفیٰ دینا چاہ رہا ہوں ۔ میں روز واک آؤٹ کر رہا ہوں ۔ میں روز اکرم درانی صاحب کو بتا رہا ہوں کہ جنگلات لٹ رہے ہیں۔ آٹھ لاکھ فٹ لکڑی شیرکوٹ میں پڑی ہے ۔ حکومت اس وقت ٹمبر مافیا کی شیئر ہولڈر بنی ہوئی ہے اور وہ یہ سب آپس میں بانٹ رہے ہیں ۔ یہ ان کو بتا بتا کر تھک گیا ہے ۔ وہ مسکراتے رہتے ہیں۔ کیا، کیا ہے انہوں نے ان آٹھ مہینوں میں ؟ سوائے یہ کہ بورڈ اتار دیئے، گانے بند کردیئے ، بچوں سے ٹیپ ریکارڈر لے کر توڑ دیئے ، ان کی اتنی منفی سوچ ہے۔ ٹیپ ریکارڈر تو ہمیں قرآن شریف اور سیرت النبوی بھی سناتے ہیں ۔ یہ تو ان کی گندی سوچ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ٹیپ ریکارڈر پر صرف غلط باتیں آتی ہیں۔

عورت، عورت جتنی زیادہ ان کو نظر آتی ہے پاکستان میں کسی اور کو نظر نہیں آتی۔ اچھی بھلی covered عورتیں بیٹھی ہوتی ہیں ۔ کہتے ہیں چہرے پر بھی زبیں لگا لو۔ عورت کے پیچھے تو اللہ جانے وہ کیوں پڑے ہوئے ہیں ؟ عورت تو ان کے حواس پر چھائی ہوئی ہے ۔بڑا افسوس ہے۔ جب وہ آئے تھے تو میں بڑی اچھی امیدیں رکھتی تھی ۔ میں خود ایک اسلامی ذہن کی عورت ہوں لیکن جو اسلام وہ ہم پر لاگو کر رہے ہیں وہ کیا ہے؟ کبھی جمالی صاحب یہ کہتے ہیں کہ جو میرا حکم نہیں مانے گا وہ پاکستان سے out ہوگا ۔ادھر اکرم درانی صاحب کہہ رہے ہیں کہ جو میرا حکم نہیں مانے گا وہ صوبہ سرحد سے نکل جائے ۔ میرا بیٹا وہاں سے کیسے نکل جائے ۔ ہمارا خاندان تو چار سو سال سے مانسہرہ میں آباد ہے ۔ وہ روز کہہ رہا ہے کہ اماں میرا دل چاہتا ہے کہ میں پاکستان چھوڑ کر نکل جاؤں ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ جہاں بدی کو بڑھتے دیکھو اور تم

اس پر قابو نہ پا سکو تو وہاں سے نکل جاؤ تو یہ وہاں کے تکلیف دہ حالات ہیں ۔ جنگل ہمارے لٹ رہے ہیں۔ اسلئے بھی کہ گیس ہم سے 15 کلومیٹر پر ہے اور ہم تک نہیں پہنچی ۔ میں اوگی، ہزارہ کی بات کر رہی ہوں۔ وہاں سے صرف 15 kilometer کے فاصلے پر گیس ہے اور وہاں اتنی سردی پڑتی ہے کہ آگ جلائے بغیر گزارہ ہی نہیں ہے۔ بس بے دریغ جنگل لٹ رہے ہیں اور حالات دن بدن خراب ہو رہے ہیں ۔ اب سے چالیس سال پہلے جب میں وہاں گئی تھی تو وہاں اتنی بارشیں ہوتی تھیں کہ میں بارشوں سے تنگ آ جاتی تھی لیکن اب چونکہ جنگل صاف ہو چکے ہیں اور سب بادل آئے ہوئے ناران جاکر برستے ہیں ۔ ہم لوگ ترستے ہوئے دیکھتے رہتے ہیں۔

پانی کی ہمارے پاس اتنی کمی ہے کہ آپ اندازہ ہی نہیں کرسکتے ۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس بجلی کی بھی اتنی کمی ہے کہ جیسے دیئے جلتے ہیں ۔ اگر ہمارے پاس گرڈ سٹیشن ہو جائے یا گیس ہو جائے تو بھی جنگلات کی بہت بچت ہو جائے گی۔ جناب والا ! بڑا اچھا بجٹ شوکت عزیز صاحب نے بنایا ہے لیکن وہ اس فرق کو کیسے دور کریں گے جو کہ پاکستان میں امیر اور غریب کے بیچ میں ہے ؟ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ ۔ پری گل آغا صاحبہ ۔

مسز پری گل آغا: جناب چیئرمین ، میں ذرا ابھی تیاری کر رہی ہوں ۔ بعد میں بولوں گی ۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے بعد میں بات کرلیں ۔ جسٹس عبدالرزاق تھہیم صاحب ۔

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم: جناب اصل میں ، میں آخر میں بولنا چاہتا تھا لیکن حکم ہے تو حاضر ہوں ۔

جناب والا! 1973ء سے لے کر آج تک کبھی بھی بجٹ سینیٹ میں پیش نہیں کیا گیا ۔ یہ خوش آئند بات ہے کہ آج اس Upper House میں ، اس سینیٹ میں، بجٹ پر general discussion بھی ہو رہی ہے اور اس کی recommendations بھی ہو رہی ہیں ۔ اس کا کریڈٹ اُن کو جاتا ہے جنہوں نے ہمیں یہ موقع دیا ہے ۔ میں ایل ایف او یا اور کسی جانب نہیں جانا چاہتا ، میں حقائق پر جانا چاہتاہوں کہ Upper House کی prestige بھی ہے

کہ آئندہ جو بجٹ ہوگا اس پر فقط recommendations نہیں ہوں گی بلکہ جیسے بل قومی اسمبلی سے پاس ہوتے ہیں ' یہاں سے بھی پاس ہو گا۔

جناب والا ! budget details and figures پہلے ہی distribute ہو چکی ہیں ' میں ان میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ آپ نے بہت محدود time دیا ہے ' اسے کچھ بڑھا بھی دیں کیونکہ شاید بولنے والے اتنے نہ ہوں۔

جناب چیئرمین۔ آپ بے شک زیادہ وقت لے لیں۔

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم۔ میں بجٹ کی خاص خاص باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں، پہلی بات تو یہ ہے کہ شوکت عزیز صاحب کو یہاں ہونا چاہیئے تھا ' وقت کی کوئی ایسی adjustment ہوتی کہ وہ ہماری تقاریر سنتے۔ پہلے تو ہمارا تاثر یہ تھا کہ ہم IMF کے under ہیں۔ وہی ہمیں چلاتے ہیں اور کنویں سے نکالتے ہیں یا recommendations کرتے ہیں تو شوکت عزیز صاحب نے clear کیا کہ next year سے انشاء اللہ ہم آئی ایم ایف کے محتاج نہیں رہیں گے بلکہ اپنے فیصلے خود کریں گے۔ یہ بڑی اچھی بات ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ mini budget نہیں آئے گا ' I believe it کہ وہ اس کو بھی honour کریں گے کہ mini budget نہیں آئے گا۔ یہ ہماری history رہی ہے کہ commitments بھی ہوتی ہیں اور mini budgets بھی آتے ہیں۔

بجٹ کی جو اچھی باتیں ہیں وہ یہ ہیں کہ اس میں development کے لئے پیسے زیادہ رکھے گئے ہیں government servants کی تنخواہیں 15 per cent بڑھائی گئی ہیں ' pensioners کی pension 15 per cent بڑھائی گئی ہے ' یہ بھی بڑی قابل تعریف بات ہے۔

یہ tax free budget ہے ' بجٹ ہمیشہ secret ہوتا ہے۔ اس کے متعلق speculations ہوتی ہیں ' ٹیکس بڑھتا ہے ' اس پر bargaining ہوتی ہے۔ اس کا tax free ہونا بھی ایک بڑی خوش آئند بات ہے۔ ان اقدامات پر میں شوکت عزیز صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں ' وزیر اعظم صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں، صدر مملکت صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ یہ بڑا

متوازن بجٹ ہے اور انشاء اللہ اس بجٹ کے بہت سے فائدے ہوں گے۔

اب کچھ دوسری باتیں ہیں جناب والا! پہلے میں finance پر آتا ہوں ' saving schemes میں پنشنرز ' widows اور retired لوگوں کے زیادہ پیسے جاتے ہیں' ان سکیموں پر profit day to day کم کیا جا رہا ہے کیونکہ میں mofussil کا رہنے والا ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ ہمارے علاقوں میں اگر آپ ان کو یہ incentive نہ دیں گے تو جناب والا! ایک لاکھ روپے پر پانچ ہزار فی ماہ' جہاں سے loan لیا جاتا ہے' آدمی ضمیمے پر دیتے ہیں اور سکیمیں شروع ہوگئی تھیں ' تاج کمپنی تھی اور دوسری ہزاروں قسم کی کمپنیاں تھیں۔ میں ان میں نہیں جانا چاہتا' ان میں incentives دیئے گئے تھے 20 per cent یا کچھ' وہ ساری ڈوب گئیں' ڈوبنے کی وجہ سے یہ ہوا کہ شاید وزیر خزانہ صاحب کو خیال نہیں آیا کہ national exchequer کو کتنا نقصان ہوا اور اس حکومت نے ان غریبوں کو ' بیواؤں کو billions of rupees دیئے ہیں اور دے رہے ہیں - یہاں کتنا profit کم کر رہے ہیں' اس کا کیا فائدہ ہوگا ' کتنا نقصان حکومت کو ہو رہا ہے شاید وزیر خزانہ صاحب کے ذہن میں یہ aspect نہیں ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اس سکیم میں reasonable amount of profit ہو' جس میں ان کا گزارہ بھی ہوسکے ' وہ دیا جائے ' اور بڑی کمپنیوں وغیرہ کو اس سے debar کیا جائے کہ وہ اس سے بچ سکیں جو incentive دے کر پیسے لوٹتے ہیں اور پھر حکومت ان کو پیسے دیتی ہے - یہ ایک important چیز ہے - اگر وزیر خزانہ صاحب ہوتے تو میں ان کو آپ کے توسط سے عرض کر دیتا کہ اس کو seriously لیں اور ہمیں facts and figures دیں کہ ڈوبی ہوئی companies کے گورنمنٹ نے کتنے پیسے دیئے ہیں اور profit پر کتنا نقصان ہو رہا ہے۔

جناب والا! پہلے Ministry of Interior کو لیتا ہوں -سندھ میں اس پر کتنا خرچہ آتا ہے ' رینجرز اور Frontier Constabulary وہاں ہے اور پولیس بھی ہے لیکن اس کے باوجود جیکب آباد میں امن ابھی تک نہیں۔ کوئی گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔ اگر نکلتا ہے تو اغوا ہو جاتا ہے یا غریب آدمی پیسے دے کر واپس آتا ہے۔ اس کے متعلق میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا - میں criticise کرنے کے mood میں نہیں ہوں بلکہ positive mood میں ہوں کہ یہ گورنمنٹ کا فرض بنتا ہے کہ وہ پراپرٹی اور جان

ومال کا تحفظ کرے۔ اگر تحفظ نہیں ہو سکتا تو پھر یہ بڑے دکھ کی بات ہے۔

جناب والا! کراچی کے حالات کیا ہیں؟ آپ اخبارات پڑھیں، 30 سے لے کر 50 تک روزانہ گاڑیاں چھینی جاتی ہیں اور اس پر ابھی تک کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ اس چیز کا بھی ہمیں پتا ہے کہ پولیس اس میں ملوث ہے۔ جناب والا! گاڑی گن پوائنٹ پر چھینی جاتی ہے اور انشورنس والوں سے پیسے مل جاتے ہیں لیکن جو غریب آدمی insurance afford نہیں کر سکتا اسی کا خانہ خراب ہو جاتا ہے۔ ایسی چیزوں کو ان حوالوں سے ضرور دیکھنا چاہیئے۔ میں وزیر داخلہ کا مشکور ہوں کہ انہوں نے لیٹر لکھا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے سب معزز ممبران کو لکھا ہو گا کہ national identity card یا passport کے متعلق کوئی تکلیف ہو تو اپنی suggestions دیں۔

جناب والا! میں یہ تجویز عرض کروں گا کہ جہاں بھی پاسپورٹ کے بڑے offices ہیں وہاں vigilance committee بنائیں۔ اب اسمبلیاں وجود میں آ چکی ہیں، Senators, MNAs, MPAs کو اس میں شامل کیا جائے، وہاں کے ناظم سے coordinate کیا جائے۔ وہ جا کر وہاں surprise visit کریں اور دیکھیں کہ وہاں کیا تکلیف ہے اور پھر وہ point out کریں۔

جناب والا! اب میں ایجوکیشن پر آتا ہوں کیوں کہ on honorary capacity چالیس سال سے میرا بھی کافی واسطہ ایجوکیشن سے ہے، میں نوکری میں نہیں ہوں۔ ایجوکیشن کا mofussil standard میں گر رہا ہے۔ گورنمنٹ تو بہت پیسے دیتی ہے مگر پرائمری ٹیچرز سکول میں نہیں جاتے۔ جو پرانے آدمی ہیں ان کو یاد ہو گا کہ ایک ڈسٹرکٹ آفیسر ہوتا تھا اور کسی ٹیچر کو جرأت نہیں ہوتی تھی کہ وہ غیر حاضر رہے۔ اب SDOs ہیں، Supervisors ہیں اور girls side پر DOs ہیں، inspite of that اس میں بہتری نہیں آئی۔ جناب والا! اگر پرائمری اور سیکنڈری سے standard اچھا نہیں ہو گا تو پھر کہاں سے ہو گا۔ وہ بعد میں اوپر آ کر کیا کریں گے۔ یہ standard بہت گر رہا ہے اور اس کے لئے کچھ steps لینے چاہئیں۔

فیڈریشن میں، میں نے دیکھا ہے کہ بجٹ میں ایجوکیشن کے لئے huge amount رکھی جاتی ہے اور recurring expenditure میں آدھے سے زیادہ پیسے فیڈرل سیکرٹریٹ کی

تنخواہوں میں جاتے ہیں ۔ میں نے یہ بھی پڑھا تھا کہ گورنمنٹ اس بات کو consider کر رہی ہے کہ یہ پیسے academic side پر کیوں نہ جائیں ۔ یہاں Deputy Advisors اور دوسرے Advisors سارے tours کرتے ہیں، اس میں گورنمنٹ، پبلک یا ہمیں کیا فائدہ ہوتا ہے۔ وہ باہر جاتے ہیں اور tours کر کے واپس آتے ہیں ۔ میری مؤدبانہ گزارش یہ ہو گی کہ جو فیڈرل گورنمنٹ institutions چلا رہی ہے وہ institutions صوبوں کو دیئے جائیں اور گورنمنٹ ان کو grant دے ۔ پہلے private parties institutions چلاتی تھیں اور انھیں grants ملتی تھیں اور ان کا کنٹرول ہوتا تھا۔ اب وہ ختم ہو گیا ہے۔

جناب والا! میں ابھی سری لنکا گیا تھا، وہ بھی غریب ملک ہے، وہاں 100% literacy rate ہے۔ یہاں 50% تو دیا گیا ہے لیکن مجھے اس میں doubt ہے کہ یہ 50% نہیں ہے اور ایجوکیشن کا standard بہت گرا ہوا ہے ۔ جناب اسی context میں ایک historical institution کا میں حوالہ دیتا ہوں، معاف کیجیئے گا میں آپ کا وقت لے رہا ہوں، سندھ مدرسۃ الاسلام واحد institution تھا جس نے مسلمانوں کو تعلیم دی، قائد اعظم بھی وہاں سے پڑھے، بلوچستان کے نواب عطاء اللہ، اور برصغیر کے جو بھی مسلمان تھے وہ وہاں سے پڑھے، لیکن اب اس کی حالت زار کیا ہے، اس میں political involvement ہو رہی ہے۔ کبھی رینجرز کو بلا کر تقاریر کرائی جا رہی ہیں، کبھی نیب والوں کو بلایا جا رہا ہے، کبھی چیف سیکرٹری کو بلایا جاتا ہے۔ ان کا اس institution سے کیا واسطہ ہے۔ میں نے محترمہ وزیر تعلیم سے عرض کی تھی کہ آپ کچھ خیال کریں۔ تو اسی historical institution میں، جس میں ہماری جان ہے، ہم نے پیسے دیئے ہیں، اور غریبوں کے پیسے ہیں، جہاں قائد نے پیسے دیئے ہیں۔ میں آپ کی وساطت سے قائد کے چند الفاظ اس ہاؤس کو پیش کرتا ہوں تا کہ دنیا کو خبر ہو کہ اس کو nationalise کیوں کیا گیا۔ جب پیر الٰہی بخش صاحب وزیر تھے، پاکستان نہیں بنا تھا، تو قائد اعظم کو عرض کیا گیا کہ جناب اس کو حکومت لے لے تو

these arethe words of Quaid-i-Azam:

"I do not want this college to be handed over to the government. I will not test the government, not even my own government. If some

persons in England were to talk of handing over the Universities of Oxford and Cambridge to the Government, the English people would revolt. If you can not run this college, take me, so I will run."

اب تو وہاں politics چل رہی ہے۔ میں وزیر تعلیم سے عرض کروں گا کہ وہ آئیں، ہمارے ساتھ بیٹھیں، ہم نے ان سے ٹائم مانگا ہے کہ اس کے لئے کچھ کیا جائے۔

جناب پہلے National Education Council 1980 میں بنی تھی۔ یہ تمام صوبوں کے representatives کی تھی۔ اب اس کا وجود ختم ہوگیا ہے۔ اب education کو بیوروکریٹس چلا رہے ہیں۔ ابھی DMG group, CSP کو کیا پتا کہ education کیا ہوتی ہے۔ میری مؤدبانہ گزارش ہے کہ National Education Council کو activate کریں، اس میں تمام صوبوں کی representation ہو اور پھر یہ تمام باتیں جو میں عرض کر رہا ہوں اس مختصر وقت میں، اس کو consider کریں۔

جناب اب لیتے ہیں واپڈا کو۔ روز سنتے ہیں واپڈا اتنی ترقی کر رہا ہے۔ میں mofussil کا رہنے والا ہوں۔ ہم جب گاؤں جاتے ہیں تو وہاں چار چار دن بجلی نہیں ہوتی۔ وہاں لائن مین اور SDO powerful بنے ہوئے ہیں۔ جب ان کو پیسے نہیں ملتے تو بجلی کاٹ دی جاتی ہے۔ یہ mofussil والوں کے ساتھ ظلم ہے۔ Vigilance committee ہوئی، اچھا ہوا۔ آرمی بلائی، اچھا ہوا۔ پیسے recover ہوئے، اچھا ہوا۔ مگر اچھائی کے ساتھ ساتھ، اس گرمی میں relief نہیں ہے۔ جیکب آباد کے شہر میں بھی بجلی نہیں ہے۔ میں پرسوں وہاں جانے لگا تو مجھے لوگ کہہ رہے تھے کہ آپ نہ جائیں، وہاں تو بجلی بھی نہیں ہے۔ وہاں گھنٹوں بجلی نہیں ہوتی۔ یہ بات کوئی نہیں کہتا، فقط تعریفیں نہیں کرنی چاہئیں بلکہ اس پر توجہ دینے کی بھی ضرورت ہے۔

لوکل باڈیز اچھا نظام ہے کہ یہ کوئی نیا نظام نہیں ہے کہ جس پر criticism ہو رہی ہے 6th schedule میں جناب والا! اس کو لوکل بورڈ کہتے تھے۔ ہمارے ہاں کی بڑی بڑی ہستیاں اس کے صدر ہوتے تھے۔ development ہوتی تھی۔ ایسا نہیں ہے کہ یہ کوئی نیا نظام آیا ہوا ہے۔ اس زمانے میں بھی development تھی، کوئی سیاست نہیں ہوتی تھی۔ اب جو نظام transfer ہوا ہے district government کو۔ ایوب صاحب نے بھی BD system رائج

کیا تھا۔ اس میں بھی ہم نے participate کیا۔ قائد اعظم کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح الیکشن لڑیں جنرل صاحب کے خلاف، BD members۔ نے ووٹ دیئے۔ rigging ہوئی۔ I am an eye witness to that کہ کیسے rigging کر کے محترمہ فاطمہ جناح کو ہرایا گیا۔ اب اسی BD system کے تحت ناظم elect ہوا ہے۔ اس میں کروڑوں روپے لگے ہیں۔ مگر ان تین برسوں میں ایک بات مجھے ماننی پڑے گی کہ development ہوئی ہے۔ پیسے خرد برد نہیں ہوئے بلکہ development ہوئی ہے۔ اب جو ناظم آئے ہیں وہ کچھ political way میں اپنی constituency کو develop کرتے ہیں۔ اسی لئے میں عرض کروں گا کہ MNAs, Senators, MPAs کو بھی development میں coordinate کرنا چاہیئے۔ ہم power نہیں چاہتے۔ proportionally ہر area کو representation ملے اور جناب بڑے دکھ سے میں عرض کرتا ہوں کہ ناظم کو صوبائی وزیر سے زیادہ protocol ملتا ہے۔ بعض جگہوں پر federal minister سے بھی زیادہ ملتا ہے۔ 24 گھنٹے اس کے پاس escort ہے، گاڑی چلتی ہے، گاؤں جاتے ہیں، ہر جگہ protocol ہے۔ آپ سوچیں کتنا خرچ ہوتا ہے۔ آپ بھی جاتے ہیں، وزیر صاحب بھی جاتے ہیں، security must ہے۔ مگر ہم جو وہاں کے لوکل آدمی ہیں ان کو کونسی security چاہیئے۔ وزیر جب آتا ہے تو اس بیچارے کو ایسے ہی ایک دو آدمی ملتے ہیں تو وہ چلا جاتا ہے۔ تو یہ ساری باتیں review کرنے کی ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ نظام خراب ہے۔

جناب اب lastly میں judiciary پر آتا ہوں۔ بڑا دکھ ہوتا ہے۔ میں بھی judiciary میں اسی مرحلہ سے گزر چکا ہوں، وکالت کے مرحلہ سے بھی گزر چکا ہوں۔ کل کے اخبار میں دیکھا کہ چیف جسٹس صاحب کی فوٹو کو لتاڑا جا رہا تھا۔ ایسا تو کبھی نہیں ہوا۔ وہ زمانہ بھی تھا کہ جب سیشن کورٹس میں ہم جاتے تھے، وکیل کی حیثیت میں تو ایسے چلتے تھے کہ آواز نہ سنائی دے۔ کون جوابدہ ہے میں اس میں جانا نہیں چاہتا۔ سپریم کورٹ پر حملہ ہوا۔ جج صاحبان نے کیا کیا۔ جنرل صاحبان کا اس میں کیا دوش تھا۔ اس وقت تک Article 209 ہے کہ جج پر اگر کوئی الزام ہو تو Supreme Judicial Council میں آئے۔ LFO میں کچھ اچھی changes آئی ہیں۔ اچھی بات تو کوئی مانتا نہیں ہے۔ دو decade میں کسی جج پر جناب والا! کچھ بھی نہیں ہوا۔ صرف ایک کیس ہوا ہے جو کسی جج نے پاسپورٹ مانگا تھا تو اس کو نکالا گیا۔ اسی لئے میں

عرض کر رہا ہوں کہ judiciary کو independent رکھنے کے لئے کچھ تجاویز ہیں۔ جناب آپ نے کبھی زندگی میں یہ سنا ہوگا کہ سپریم کورٹ کا جج یا پبلک سروس کمیشن کا ممبر 22 گریڈ کے آفیسر کے under بیٹھے یا جب آپ ریٹائر کرتے ہیں تو ریٹائرمنٹ کے بعد بھاگتے ہیں۔ جیسے foreign countries میں ہے کہ retire نہ کریں، کوئی اپنی practice کرنا چاہے تو کرے، نہیں تو retire نہ ہو، ان کو وہ benefit دیئے جائیں اور ان سے کام لیا جائے، tribunals وغیرہ ہیں۔ اگر یہ incentives نہیں ہوں گے تو پھر کچھ برائیاں بھی نظر آئیں گی۔ یہ دکھ نہیں ہے۔ آج یہاں میرے اپنے دوست بھی بیٹھے ہیں، وسیم سجاد صاحب بیٹھے ہیں۔ کبھی ممبر 20 گریڈ کو prefer کرتا ہے۔ کوئی پوچھنے والا نہیں۔ میں جو عرض کر رہا ہوں تو اس کی کچھ وجوہات ہیں۔ آپ بیچارے ان ججوں کو بھول جاتے ہیں۔ retirement کے بعد ان کو airport کا پاس بھی نہیں ملتا۔ ان کو blue passport بھی آپ نہیں دیتے۔ ان کو senior citizen تو کہتے ہیں، پھر جج صاحبان کیوں نہ کہیں کہ ہمیں diplomatic passport ملے۔ اسی لئے میں عرض کر رہا ہوں کہ ان کی retirement کے بعد ان کو مراعات، جو صحیح ہوں، وہ ان کو مہربانی کرکے دی جائیں۔

میں ایک مثال دیتا ہوں، ایک superior judiciary تھی جس میں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے جج صاحبان ہوتے تھے۔ دکھ کے ساتھ کہتا ہوں کہ جب سپریم کورٹ کے جج صاحبان تھے، ان کے اپنے لئے مراعات تھیں کہ دو servant بھی ہونے چاہئیں، بجلی کے بل بھی ہوں، پیٹرول بھی ہو، یہ بھی ہو وہ بھی ہو، لیکن ہائی کورٹ کے جج کو کچھ نہیں۔ وجہ یہ بتائی گئی کہ آپ practice کرتے ہیں۔ بھائی جو practice نہیں کرتے ان سے لکھوا لیں۔ پہلے ہائی کورٹ کے retired judges tribunals میں ہوتے تھے۔ آج سپریم کورٹ کے retired judges یہ نوکریاں کر رہے ہیں۔ میں عرض کروں گا کہ retired judges کی ایک high powered committee بنائی جائے۔ بہت سے honourable judges ہیں، ایسا نہیں ہے کہ judiciary خراب ہے۔ خواہ مخواہ judiciary کا نام لیا جاتا ہے۔ اس لئے میری judiciary کے متعلق تھوڑی سی یہ معروضات ہیں کہ ان کو بھی وہی benefits دیے جائیں جو سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج صاحبان کو دیے جاتے ہیں۔ پہلے تو یہ discrimination کبھی نہیں ہوئی، ایسا صرف اب ہوا ہے۔

اب جناب میں جیکب آباد کے لئے کچھ عرض کروں گا۔ پرائم منسٹر صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے سوئی گیس دی ہے۔ یہ بہت اچھی بات ہے۔میں نے ان کو عرض بھی کیا تھا۔ fortunately وفاقی وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر گڑھی کھیرو سے چل کر جیکب آباد جائیں تو کوئی بیس سے پچیس گاؤں اس area میں آتے ہیں اور ان سب گاؤں والوں کو financially بھی فائدہ ہو گا اگرانہیں سوئی گیس ملے گی۔ ان الفاظ کے ساتھ میں شوکت عزیز صاحب کو اور پرائم منسٹر صاحب کو ایک بارپھر مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے ایک اچھا بجٹ پیش کیا ہے اور میں نے جو positive suggestions دی ہیں، مجھے امید ہے انہیں consider کیا جائے گا۔ Thank you very much sir.

**جناب چیئرمین:** شکریہ جناب۔ جی الیاس بلور صاحب۔

**Mr. Ilyas Ahmed Bilour:** Sir, undoubtedly the House is one sided. All the Treasury side members are sitting and I am sure that they are not going to give any suggestion which will be included in the budget or excluded from the budget because they have to follow......,

